© rasailojaraid.com



# مطبوعات

**اسلام اور موجودہ مدنی مسائل** | تالیف مولانا حکیم عبدالرؤف صاحب دانا پوری۔ ضخامت ۸۰ صفحات قیمت ۸ر۔ مجلس دینیات جامعہ ملیہ اسلامیہ، دہلی۔

جامعہ ملیہ دہلی نے توسیعی خطبات کا ایک نیا سلسلہ شروع کیا ہے جس میں مختلف اسلامی موضوعات پر اکابر علماء کو خطبے پڑھنے کی دعوت دی جاتی ہے یہ خطبہ بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ فاضل خطیب نے اپنی تقریر کے لیے جس قدر اہم موضوع کا انتخاب کیا ہے اسی قدر خوبی کے ساتھ اس پر بحث بھی کی ہے۔ جدید تہذیب و تمدن نے اسلامی عقائد، عبادات، احکام، اور علوم و فنون کے متعلق جو شبہات پیدا کیے ہیں، قریب قریب ان سب ہی کو وہ زیر بحث لائے ہیں، اور ان پر تنقید کر کے محققانہ طریقہ پر ان کا ایسا حل بیان کیا ہے جو ہر معقول آدمی کو مطمئن کر سکتا ہے۔ اگرچہ پوری تقریر اہم مباحث پر مشتمل ہے لیکن خصوصیت کے ساتھ وہ حصہ اختصار کے باوجود زیادہ اہم ہے جس میں فاضل موصوف نے سیاسیات اور معاشیات کے متعلق اسلام اور مغربی تمدن کا موازنہ کیا ہے۔ چونکہ آجکل سب سے زیادہ مغربی سیاست اور معیشت ہی کی چمک نے اہل مشرق کی آنکھوں کو خیرہ کیا ہے، اس لیے ضروری ہوگیا ہے کہ اسی ملمع کو آتار کر اصل حقیقت نمایاں کی جائے۔

تعجب ہے کہ اتنے اہم اور تشریح طلب مسائل کو ایک ہی خطبہ میں جمع کرنے کی کوشش کیوں کی گئی۔ اگر انہی مضامین کو چار یا پانچ خطبات میں تقسیم کر کے ذرا زیادہ وضاحت کیساتھ بیان کیا جاتا تو زیادہ بہتر ہوتا۔

**صحیفۂ چین** | از جناب سید اسد علی صاحب انوری فرید آبادی ضخامت ۲۸۴ صفحات مجلد قیمت عہ مکتبہ جامعہ دہلی۔

بدرالدین چینی کی کتاب "چینی مسلمان" کے بعد اردو زبان میں یہ دوسری کتاب ہے جو چین کے متعلق زیادہ



© rasailojaraid.com